# نیویارک کے تمباکو سے متعلق نئے قوانین کا آپ پر اطلاق ہوتا ہے، اگر ...

- ☐ آپ کی فارمیسی ہے
- ☐ آپ تمباکو کی کوئی مصنوعات فروخت کرتے ہیں یا فروخت کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں
- ☐ آپ الیکٹرانک سگریٹ فروخت کرتے ہیں

محکمہ برائے صارف معاملات (NYC Department of Consumer Affairs, DCA) نے یہ جائزہ تیار کیا ہے تاکہ آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دی جا سکے کہ تمباکو سے متعلق نئے قوانین آپ کے کاروبار کو کس طرح متاثر کرتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے DCA کی ویب سائٹ **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں۔

NYC Consumer Affairs

**Urdu | اُردو**

## آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے، اگر آپ کی فارمیسی ہے

Rx

نیویارک کا قانون فارمیسیوں اور ایسے کاروبار جن کے اندر فارمیسی موجود ہے، کے لیے شہر میں تمباکو کی مصنوعات اور الیکٹرانک سگریٹ فروخت کرنے کا لائسنس حاصل کرنا ممنوع قرار دیتا ہے۔ 28 اگست 2017 سے DCA سگریٹ ریٹیل ڈیلر (Cigarette Retail Dealer) کے نئے لائسنسوں کے لیے فارمیسیوں کی درخواستیں قبول نہیں کر رہا۔ فارمیسیاں تمباکو کے ریٹیل ڈیلر (Tobacco Retail Dealer) اور الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلر (Electronic Cigarette Retail Dealer) کے لائسنسوں کے لیے درخواست دینے کی اہل نہیں ہیں۔ DCA ایسے کاروباروں کی درخواستیں مسترد کر دے گا جن کے فارمیسی ہونے کا تعین کیا جاتا ہے یا جن کے اندر فارمیسی موجود ہے۔ اگر DCA پر منکشف ہوا کہ کسی فارمیسی نے غیرقانونی طریقے سے لائسنس حاصل کیا ہے تو ایسا لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا۔

### تمام فارمیسیوں کے لیے کلیدی تاریخیں

- ✓ **28 اگست 2018:** الیکٹرانک سگریٹوں پر پابندی کا آغاز ہوتا ہے۔ فارمیسیوں اور ایسے کاروبار جن کے اندر فارمیسی موجود ہے، کے لیے NYC میں الیکٹرانک سگریٹوں کی فروخت ممنوع ہے۔
- ✓ **1 جنوری 2019:** تمباکو پر پابندی کا آغاز ہوتا ہے۔ فارمیسیوں اور ایسے کاروبار جن کے اندر فارمیسی موجود ہے، کے لیے NYC میں سگریٹ اور تمباکو کی دوسری مصنوعات کی فروخت ممنوع ہے۔ اس سے فرق نہیں پڑتا چاہے آپ کے پاس ریاست نیویارک کی تمباکو کی باضابطہ رجسٹریشن بھی موجود ہو۔

### سگریٹ ریٹیل ڈیلر کے موجودہ لائسنسوں کی حامل فارمیسیوں کے لیے کلیدی تاریخیں

- ✓ **31 دسمبر 2017:** طاق سالوں کے لائسنسوں کی معیاد کے اختتام کی تاریخ۔ آپ ایک (1) سال کے لیے لائسنس کی تجدید کروا سکتے ہیں۔ آپ کے تجدیدی پیکیج میں تفصیلات موجود ہوں گی۔ آپ تجدید کب کرواتے ہیں، اس کی مناسبت سے تجدید کی فیس $55 یا $100 عائد کی جاتی ہے۔
- ✓ **23 فروری 2018:** آپ کے سگریٹ ریٹیل ڈیلر کے تجدید شدہ لائسنس کی معیاد کے اختتام کی تاریخ۔
- ✓ **24 فروری 2018:** آپ کا سگریٹ ریٹیل ڈیلر کا لائسنس خود بخود تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کا لائسنس بن جاتا ہے۔ آپ کے لائسنس کی معیاد ختم ہونے سے قبل آپ کو **تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کے اپنے نئے لائسنس کی دستاویز موصول ہو جائے گی جو کہ آپ کو لازمی طور پر آویزاں کرنی چاہیئے۔**
- ✓ **28 فروری 2018:** اگر آپ اپنی تجدید کی درخواست اس تاریخ کو یا اس سے قبل جمع نہیں کروا پاتے، تو آپ اپنے موجودہ لائسنس کی تجدید نہیں کروا سکتے، اور **آپ نئے لائسنس کے لیے درخواست بھی نہیں دے سکتے۔**
- ✓ **31 دسمبر 2018:** NYC میں سگریٹ یا تمباکو کی مصنوعات کی فروخت کے آپ کے لائسنس کی معیاد مستقل طور پر ختم ہونے کی تاریخ۔

آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے، اگر آپ

# تمباکو کی کوئی مصنوعات فروخت کرتے ہیں یا فروخت کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں

## اگر آپ کے پاس موجودہ سگریٹ ریٹیل ڈیلر کا لائسنس (نان-فارمیسی) موجود ہے

### لائسنس یافتگان کے لیے کلیدی تاریخیں

✓ **31 دسمبر 2017:** طاق سالوں کے لائسنسوں کی معیاد کے اختتام کی تاریخ۔ آپ ایسے لائسنس کی تجدید کروا سکتے ہیں جس کی معیاد 23 فروری 2018 کو ختم ہو گی۔ آپ کے تجدیدی پیکیج میں تفصیلات موجود ہوں گی۔ آپ تجدید کب کرواتے ہیں، اس کی مناسبت سے تجدید کی فیس $110 یا $200 عائد کی جاتی ہے۔

✓ **23 فروری 2018:** آپ کے سگریٹ ریٹیل ڈیلر کے تجدید شدہ لائسنس کی تنسیخ کی تاریخ۔

✓ **24 فروری 2018:**

- آپ کا سگریٹ ریٹیل ڈیلر (Cigarette Retail Dealer) کا لائسنس خود بخود تمباکو کے ریٹیل ڈیلر (Tobacco Retail Dealer) کا لائسنس بن جاتا ہے۔ آپ کے لائسنس کی معیاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو **اپنے نئے تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کے لائسنس کی دستاویز موصول ہو جائے گی جو کہ آپ کو لازمی طور پر آویزاں کرنی چاہیئے**۔ آپ کے نئے لائسنس پر پوری مدت کی معیاد کے اختتام کی تاریخ لکھی ہو گی۔
- **تمباکو کے ریٹیل ڈیلرز کے لیے بالائی حد مؤثر ہو جاتی ہے۔ کمیونٹی ڈسٹرکٹس کے لیے بالائی حدود ملاحظہ کریں۔**

✓ **28 فروری 2018:** اگر آپ اپنی تجدید کی درخواست اس تاریخ کو یا اس سے قبل جمع نہیں کروا پاتے تو آپ اپنے موجودہ لائسنس کی تجدید نہیں کروا سکتے، اور **آپ تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کے نئے لائسنس کے لیے درخواست نہیں دے سکتے جب تک کہ آپ کی کمیونٹی ڈسٹرکٹ میں لائسنس دستیاب نہ ہو جائیں۔**

## اگر آپ کے پاس موجودہ سگریٹ ریٹیل ڈیلر کا لائسنس موجود نہیں ہے (نان-فارمیسی)

**DCA پرزور صلاح دیتا ہے کہ آپ سگریٹ ریٹیل ڈیلر کے لائسنس کے لیے مکمل درخواست فوری طور پر جمع کروائیں۔ ایک "مکمل درخواست" میں تمام مطلوبہ دستاویزات اور معلومات موجود ہوتی ہیں۔ آپ nyc.gov/dca پر آن لائن، 311 پر کال کر کے، یا DCA کے لائسنس عطائیگی کے مرکز (DCA Licensing Center) یا نیویارک شہر اسمال بزنس اسپورٹ مرکز (NYC Small Business Support Center) سے ذاتی طور پر ،درخواست فارم حاصل کر سکتے ہیں۔**

اگر آپ سگریٹ ریٹیل ڈیلر کا لائسنس حاصل نہیں کرتے تو آپ 24 فروری 2018 کے بعد، جب تمباکو کے ریٹیل ڈیلرز کے لیے کمیونٹی ڈسٹرکٹ کی بالائی حدود نافذ ہو جائیں گی، تمباکو کی مصنوعات فروخت کرنے کے لیے تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کا لائسنس حاصل نہیں کر پائیں گے۔ 24 فروری 2018 سے تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کے لائسنس کے بغیر نیویارک شہر میں تمباکو کی کوئی بھی مصنوعات جیسے کہ سگریٹ، سگار، چبانے والا تمباکو، پائپ والا تمباکو، roll-your-own تمباکو، snus، بیڑی، نسوار، شیشا، یا قابل تحلیل تمباکو، فروخت کرنا غیرقانونی ہو گا۔ **ذیل میں دی گئی کلیدی تاریخوں کا خیال رکھیں، بصورت دیگر آپ کو تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کا لائسنس حاصل نہ کر سکنے کا خطرہ لاحق ہو جائے گا۔**

### درخواست دہندگان کے لیے کلیدی تاریخیں

✓ **12 جنوری 2018:**

- DCA ذاتی طور پر جمع کروائی جانے والی نامکمل درخواستیں قبول نہیں کرے گا۔
- **اس کے بعد آپ درخواست آن لائن جمع نہیں کروا سکیں گے۔**
- تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کے لائسنسوں کی تعداد پر بالائی حد 24 فروری 2018 سے نافذ ہوتی ہے۔ آپ کو صلاح دی جاتی ہے کہ اپنی مکمل درخواست 12 جنوری 2018 تک جمع کروا دیں۔ DCA اسی ترتیب میں **مکمل شدہ درخواستوں** کا جائزہ لے گا جس ترتیب سے وہ موصول ہوں گی۔

✓ **24 فروری 2018:**

- DCA مزید سگریٹ ریٹیل ڈیلر کے لائسنس کے لیے درخواستیں قبول نہیں کرے گا۔
- اگر DCA نے اس تاریخ تک لائسنس جاری نہیں کیا، تو آپ کو تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کا لائسنس موصول نہیں ہو گا۔
- نیویارک شہر میں تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کے لائسنس کے بغیر تمباکو کی مصنوعات فروخت کرنا غیرقانونی ہے۔

آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے، اگر آپ

# الیکٹرانک سگریٹ فروخت کرتے ہیں

23 اگست 2018 سے، نیویارک میں الیکٹرونک سگریٹ فروخت کرنے والے تمام اسٹورز کے پاس الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلر (Electronic Cigarette Retail Dealer) کا لائسنس ہونا چاہیئے۔ لائسنس کی مدت دو (2) سال ہوتی ہے۔ لائسنس کی فیس 200$ ہے۔ **الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلر کا لائسنس حاصل کرنے کے لیے آپ کو تصدیق کرنا ہو گی کہ آپ 28 اگست 2017 سے قبل الیکٹرانک سگریٹ فروخت کر رہے تھے۔** آپ کو اس تاریخ پر فروخت کا ثبوت جمع کروانے کو کہا جا سکتا ہے۔

21 سال سے کم عمر افراد کو الیکٹرانک سگریٹ یا مائع نکوٹین کی فروخت غیرقانونی ہے۔ سزائیں:

- اگر آپ 21 سال سے کم عمر کسی شخص کو الیکٹرانک سگریٹ بیچتے ہیں یا 3 سال کی کسی مدت کے دوران کسی شخص کو 2 مرتبہ الیکٹرانک سگریٹ پہنچاتے ہیں، تو آپ کا الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلر کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا۔
- DCA کے لائسنس کے بغیر الیکٹرانک سگریٹ فروخت کرنے والے کاروباروں پر معائنے کی تاریخ سے لے کر سماعت کی تاریخ تک 100$ روزانہ کے حساب سے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

### درخواست دہندگان کے لیے کلیدی تاریخیں (درخواست دینے کے لیے 28 اگست 2017 کو یا اس سے قبل الیکٹرانک سگریٹ فروخت کرتے ہونا لازمی ہے)

✓ **25 جنوری 2018 سے لے کر 25 اپریل 2018 تک:** درخواست دینے کی ابتدائی مدت۔ DCA 25 جنوری 2018 سے درخواستیں قبول کرنا شروع کرے گا۔ DCA 25 اپریل 2018 سے درخواستیں قبول کرنا بند کر دے گا۔

✓ **25 جنوری 2018:** گاہکوں کو الیکٹرانک سگریٹ پہنچانا غیرقانونی ہے۔ آپ صرف اپنے اسٹور میں ہی الیکٹرانک سگریٹ فروخت کر سکتے ہیں۔

✓ **23 اگست 2018:** نیویارک شہر میں الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلر کے لائسنس کے بغیر الیکٹرانک سگریٹ فروخت کرنا غیرقانونی ہے۔ نئی درخواستیں کمیونٹی ڈسٹرکٹ کے لیے بالائی حدود (اگلا صفحۂ ملاحظہ کریں) کے تابع ہوں گی۔

✓ **30 نومبر 2019:** درخواست دینے کی ابتدائی مدت کے دوران جاری کردہ لائسنسوں کی معیاد کے اختتام کی تاریخ۔ 2019 میں فعال لائسنسوں، جو مؤثر حالت میں ہوں گے، کے تمام حاملین کو بالائی حد سے قطع نظر تجدیدی پیکیج موصول ہو گا۔ لائسنس کی معیاد طاق سالوں میں 30 نومبر کو ختم ہو گی۔

**کمیونٹی ڈسٹرکٹس کے لیے بالائی حدود** اگلے صفحے پر >

## کمیونٹی ڈسٹرکٹس کی نافذ کردہ بالائی حدود

قانون کی رو سے، DCA نیویارک شہر کے چارٹر کے باب 69 کے تحت ہر کمیونٹی ڈسٹرکٹ میں تمباکو کے ریٹیل ڈیلر (Tobacco Retail Dealer) اور الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلر (Electronic Cigarette Retail Dealer) کے لائسنسوں کی تعداد پر بالائی حدود نافذ کرے گا۔ بالائی حدود مندرجہ ذیل ہوں گی:

- 24 فروری 2018 کو تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کے فعال لائسنسوں کی تعداد کا 50%
- درخواست دینے کی ابتدائی مدت کے بعد الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلرز کے لیے جاری کردہ لائسنسوں کی تعداد کا 50%

بالائی حدود کے نفاذ کے بعد:

- DCA الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلر یا تمباکو کے ریٹیل ڈیلر کے لائسنسوں کے لیے درخواستیں **قبول نہیں کرے گا** جب تک کہ کسی کمیونٹی ڈسٹرکٹ میں لائسنسوں کی تعداد اس زمرے کے لیے نافذ کردہ بالائی حد سے نیچے نہ آ جائے۔
- نافذ کردہ بالائی حد سے قطع نظر، مندرجہ ذیل حالات میں **DCA نئی درخواست قبول کرے گا** صرف اس صورت میں جب مذکورہ پتے پر اسی زمرے کا موجودہ فعال لائسنس مؤثر حالت میں موجود ہو **اور** نیا کاروبار فروخت کے *30* دن کے اندر نئے لائسنس کے لیے درخواست دے۔
  - کسی شخص یا کاروبار کی جانب سے نئی درخواست جس کا لائسنس کارپوریشن، شراکت یا LLC کی ملکیت کی تبدیلی کی وجہ سے غیرمؤثر ہو گیا ہو۔
- نافذ کردہ بالائی حد سے قطع نظر، DCA تمباکو کے ریٹیل ڈیلرز اور الیکٹرانک سگریٹ ریٹیل ڈیلرز سے **تجدید کی درخواستیں قبول کرے گا۔**

## لائسنس عطائیگی کے مراکز کے مقامات

**DCA Licensing Center**
**(DCA کا لائسنس عطائیگی کا مرکز)**

42 Broadway, Lobby
New York, NY 10004
پیر سے جمعہ: 9 بجے صبح سے 5 بجے شام
بدھ: 8:30 بجے صبح سے 5 بجے شام

**NYC Small Business Support Center**
**(نیویارک شہر اسمال بزنس اسپورٹ مرکز)**

90-27 Sutphin Blvd, 4th Floor
Jamaica, NY 11435
پیر سے جمعہ: 9 بجے صبح سے 5 بجے شام

NYC Office of the Mayor | Consumer Affairs
Lorelei Salas
Commissioner

نیویارک شہر کا محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) فروغ پذیر کمیونٹیز پیدا کرنے کے لئے نیویارک شہر کے رہائیشیوں کی روزمرہ اقتصادی زندگیوں کو تحفظ دیتا ہے اور ان میں بہتری لاتا ہے۔